V

SIGN OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۹ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ یکم ربیع الثانی سنہ ۱۳۶۱ھ مطابق ۱۸ اپریل سنہ ۱۹۴۲ء جلد ۵۵

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم — حصہ اول

(۱)	منظوری قواعد پراویڈنٹ فنڈ افسران ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۲ء	۳
(۲)	روبکار انتظام [illegible] بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم	״
(۳)	منظوری ترمیم آرڈیننس [illegible] ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۲ء	۳
(۴)	منظوری مصارف ٹریننگ [illegible]	״
(۵)	منظوری اضافہ بر تنخواہ عالیجناب [illegible] صاحب بہادر انچارج محکمہ قانون سازی	۵
(۶)	روبکار منظوری گریڈ اضافہ بر تنخواہ عالیجناب [illegible] صاحب چیف منسٹر [illegible] بہادر	״
۷	منظوری عطائے [illegible] صاحب ایڈیشنل سول جج	۵
۸	منظوری عطائے الاؤنس [illegible] صاحب پرائیویٹ سکریٹری [illegible] انجینئر صاحب انچارج سنٹرل ورکشاپ	۶
۹	روبکار [illegible] عطائے [illegible] صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر	۶

آرڈرز ان کونسل رامپور اسٹیٹ

۱	منظوری [illegible] بحیثیت ممبران [illegible] کمیٹی [illegible] سنہ ۱۹۴۲ء	
۲	منظوری نفاذ "کاٹن کارڈ [illegible]" آرڈیننس [illegible]	۷
۳	منظوری اضافہ بر تنخواہ [illegible] خان ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس	۸
۴	منظوری اعلان متعلق [illegible] عبارت [illegible] فقرہ (۳) [illegible] آرڈر ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۲ء [illegible]	״
۵	منظوری [illegible] نگرانی عمارات ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۲ء	۸و۹
۶	منظوری اعلان متعلق [illegible] ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۲ء	۹
۷	منظوری اعلانات تحت دفعہ [illegible] ملازمت ضروری ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۲ء	۱۰

(مطبوعہ [illegible] پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۱ اپریل ۱۹۲۲ء

بموجب رپورٹ قواعد پراویڈنٹ فنڈ انشورنس ریاست رامپور ۱۹۲۲ء کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

آرڈر نمبر ۹۲۲

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعد عرض — جناب عالی — بمبر ساند [illegible]

قواعد پراویڈنٹ فنڈ اور قواعد بیمہ زندگی منظور شدہ ہیں۔ چونکہ پراویڈنٹ فنڈ سے ہی بیمہ زندگی لازم ملازمین ہوا ہے۔ اسلئے یہ ضروری تھا کہ احکام قواعد پراویڈنٹ فنڈ کو احکام بیمہ زندگی سے متعلق کیا جائے۔ لہذا عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانونسازی کے مشورہ سے جدید قواعد موسوم بہ "قواعد پراویڈنٹ فنڈ انشورنس ریاست رامپور ۱۹۲۲ء" جیسے فائنانس نے مرتب کراکر بغرض منظوری ارسال کئے ہیں۔ قواعد پراویڈنٹ فنڈ اور قواعد بیمہ زندگی منظور شدہ سابقہ بھی قابل عمل رہیں گے۔ اسٹیٹ کونسل نے بھی جلسہ منعقدہ ۱۶ فروری ۱۹۲۲ء میں قواعد مذکور کی منظوری سے اتفاق کر لیا ہے۔ لہذا توقع مستدعی ہے کہ بیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

دستخط — عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر — معروضہ ۲۲ اپریل ۱۹۲۲ء

حکم ہمایوں۔ عرضداشت اور قواعد منسلکہ کی ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ کاغذات تعمیلاً اسٹیٹ پریس کو مرسلہوں۔ بعد ختم کارروائی سررشتہ صدر بھیجے جائیں۔

۱۱ اپریل ۱۹۲۲ء — دستخط فارعالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

(نوٹ:- قانون حکم مولہ بالا گزٹ کے حصہ سوم میں شامل ہے)

روبکار:- واقع ۱۱ اپریل ۱۹۲۲ء

۱- بدولت و اقبال ۱۵ اپریل کی شام کو لاہور جائیں گے۔ ۱۸ اپریل کو دوپہر تک مراجعت ہوگی۔ ۱۷ اپریل کی شام کو مفت زمانے لکھنؤ ہونگے۔ ۱۹ اپریل کو صبح مراجعت ہوگی۔ سفر لاہور میں صاحب اسسٹنٹ ملٹری سکریٹری بہادر اور سفر لکھنؤ میں صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر ہمارے ہمرکاب جائیں گے۔ جناب سکریٹری اسسٹنٹ ملٹری سکریٹری بہادر کا کام صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر اور صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر کا کام صاحب اسسٹنٹ ملٹری سکریٹری بہادر انجام دینگے۔

۲- اجلاس ہمایوں کے کاغذات دفتر میں رہینگے۔

۳- کوئی خاص واقعہ پیش آجائے تو اسٹیٹ کونسل کا فیصلہ قطعی ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم :-　　واقع ۱۱ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

بموجب رپورٹ ترمیم آرڈیننس امتناع برآمد غلہ ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۲ء منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض　　جناب عالی　　میرساند

زیر دفعہ (۴) آرڈیننس امتناع برآمد غلہ ریاست رامپور مصدرہ ۱۱ دسمبر سنہ ۱۹۲۱ء صرف مجسٹریٹ صاحبان درجہ اول کو جرائم متذکرہ دفعہ (۲) آرڈیننس مذکور کی سماعت کا اختیار ہے۔

عالیمرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر کا خیال ہے کہ فصل کے بعد ریاست ہذا کے ان دیہات سے جو حاشیہ پر واقع ہیں۔ گیہوں کی برآمد کی کوشش کیجائیگی۔ اس صورت میں انتظامی ذمہ داریاں تحصیلدار صاحبان کی ہونگی۔ اسلیئے یہ استدعا ہے کہ ہر تحصیل کے حدود میں اسکے تحصیلدار کو خواہ وہ کسی درجہ کا مجسٹریٹ ہو زیر دفعہ (۴) آرڈیننس مذکور سماعت جرم کا اختیار عطا فرمایا جائے۔

عالیمرتبت صاحب چیف مجسٹریٹ بہادر نے بھی اس تجویز سے اتفاق کیا ہے۔

مسودہ " ترمیم آرڈیننس امتناع برآمد غلہ ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۲ء " مرتبہ اسسٹنٹ اسٹیٹ ایڈوکیٹ صاحب شامل ہے کہ کاغذات ذریعہ عرضداشت ہذا حضور معلی میں پیش ہیں۔ ترتیب استدعا ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب آفتاب دولت و اقبال تاباں باد۔

خادم

ترتیب دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

نوٹ :- ترمیم آرڈیننس امتناع برآمد غلہ محولہ حکم بالا گزٹ کے حصہ دوم میں شائع ہوئی ہے۔

حکم :-　　واقع ۱۱ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

رپورٹ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض　　جناب عالی　　میرساند

گیڈنٹ ٹی۔ جے۔ ولیم اور گیڈنٹ سنگھ رام بی۔ اے کو آفیسرس ٹریننگ اسکول مہو میں ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء سے شروع ہونیوالے کورس میں جگہیں دیگئی ہیں۔ ہر دو گیڈنٹس صاحبان کو دوران کورس مثل دیگر گیڈنٹس تین سو روپیہ ماہوار تنخواہ اور مبلغ تین سو روپیہ فی کس بابت آؤٹ فٹ الاونس دیئے جائیں گے۔ آؤٹ فٹ الاونس کی رقم بطور پیشگی غیر مستقل ادا کیجائے گی۔ ترتیب استدعا ہے کہ حکم منظوری پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

خادم

ترتیب دستخط عالیمرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر مورخہ ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

ARMY ORDER

BY

GENERAL HIS HIGHNESS THE NAWAB OF RAMPUR.

Dated Camp Delhi, 8th April, 1942.

We are pleased to delegate, to the Officer Commanding Our 1st Battalion in the Field, authority to make promotions up to and including the rank of Indian Officer, and also to grant Acting rank to Our State Officers.

Provided always that all such promotions and grants of Acting rank are within the authorised establishment of the unit, and further provided that all such promotions and grants of Acting rank of State and Indian Officer be submitted to us for approval and confirmation.

(*Sd.*) GENERAL HIS HIGHNESS,
The Nawab of Rampur.

No. 5249-57/G/271, dated Rampur, 9th April, 1942.

Copy to:—

The Hon'ble Chief Minister, Rampur State,
The Hon'ble Revenue and Finance Minister, Rampur,
The Hon'ble Home Minister, Rampur State,
The Hon'ble Military Secretary, Rampur State,
The Private Secretary, Rampur State,
The Finance Secretary, Rampur State,
The Assistant Military Secretary, Rampur,
The Ijlas-i-Humayun for file,
The State Press, for publication in the State Gazette,
The O. C. 1st Rampur Infantry (Overseas).

روبکار:- واقع ۱۶ر اپریل ۱۹۲۲ء

عالیمرتبت میجر ہوریلال ورما بہادر منسٹر انچارج محکمۂ قانون سازی خدمات متعلقہ نہایت قابلیت سے انجام دیتے ہیں۔ مابدولت و اقبال اون کے کام سے خوش ہیں۔ لہذا بوجہ حسن خدمات اُن کی موجودہ تنخواہ میں یکم مئی ۱۹۲۲ء سے ایک سو روپیہ ماہانہ اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- واقع ۱۹ر اپریل ۱۹۲۲ء

عہدہ چیف میڈیکل آفیسر کا گریڈ ہنوز منظور نہیں ہوا ہے۔ لہذا عہدۂ مذکور کا گریڈ صا۔ صہ۔ الصا منظور کیا جاتا ہے۔ عالیمرتبت کرنل محمد جنید قریشی بہادر چیف میڈیکل افسر کو اسوقت ایکہزار دوسو ماہانہ تنخواہ مل رہی ہے۔ یہ تنخواہ مندرجہ بالا گریڈ میں قائم ہوکر یکم مئی ۱۹۲۲ء سے اونکی تنخواہ میں بچاس روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ منظور کیا جاتا ہے۔

۲۔ عالیمرتبت کرنل محمد جنید قریشی بہادر چیف میڈیکل افسر مخصوص قابلیت کے حامل ہیں۔ اور فن ڈاکٹری کے ایک خاص شعبہ میں اُنکو خصوصی دستگاہ حاصل ہے۔ مابدولت و اقبال اون کی خدمات سے خوش ہیں۔ لہذا بصورت خاص منظور کیا جاتا ہے کہ اون کو پنشن کا استحقاق بموجب ضمیمہ قواعد پنشن منظور شدہ ۸ر جون ۱۹۲۲ء مثل عالیمرتبت منسٹر صاحبان بہادر و عالیمرتبت جج صاحبان بہادر ہائیکورٹ ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- واقع ۱۹ر اپریل ۱۹۲۲ء

بموجب رپورٹ مولوی ناصر الدین صاحب اڈیشنل سول جج کو اختیارات افسر صیغہ عطا کیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

آرڈر نمبر ۶۳۳

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض: جناب عالی میرساند

عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر نے مولوی ناصر الدین صاحب اڈیشنل سول جج کو بغرض سہولت کار افسر صیغہ کے اختیارات عطا کئے جانے کی تحریک کی ہے جس سے اسٹیٹ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۱۳ر اپریل ۱۹۲۲ء میں اتفاق کر لیا ہے۔ لہذا تجویز مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایون سے حکم عطائے اختیارات افسر صیغہ بلحاظ سہولت بکار سرکار شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب دولت اقبال جاوید باد۔

تجویز دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر۔ مورخہ ۱۵ر اپریل ۱۹۲۲ء

حکم

واقع ۱۷ر اپریل ۱۹۴۲ء

بموجب رپورٹ عالی مرتبت میجر سید ظفر علی صاحب بہادر سکریٹری انچارج سنٹرل ورکشاپ کو یکم مئی ۱۹۴۲ء سے ایک سو پچاس روپیہ ماہانہ الاؤنس اور مسٹر کریم الدین انجینیر انچارج سنٹرل ورکشاپ کو تاریخ مذکور سے ایک سو روپیہ ماہانہ الاؤنس دیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض جناب عالی میرساند

۱۔ میجر سید ظفر علی صاحب بہادر سنٹرل ورکشاپ کے سکریٹری انچارج ہیں جنکی توجہ اور کوشش خاص سے سنٹرل ورکشاپ ایک منفعت بخش ادارہ کی حیثیت اختیار کرچکا ہے اور روز افزوں ترقی پر ہے۔ لہذا اونکی خصوصی خدمات کے لحاظ سے ترجمان کی استدعا ہے کہ انہیں یکم مئی ۱۹۴۲ء سے مبلغ ماعہ/ (۱۵۰) ماہانہ بطور الاؤنس مرحمت فرمایا جائے تو باعث ہمت افزائی ہے

۲۔ اسی سلسلہ میں ترجمان کی یہ بھی گذارش ہے کہ ادارہ مذکور کی ترقی میں مسٹر کریم الدین انجینیر انچارج سنٹرل ورکشاپ کی خدمات بھی قابل تحسین ہیں لہذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ انہیں یکم مئی ۱۹۴۲ء سے مبلغ ایک سو روپیہ ماہانہ بطور الاؤنس مرحمت فرمایا جائے تو خدام نوازی ہے۔

۳۔ رقوم الاؤنس سنٹرل ورکشاپ کے بجٹ سے ادا ہوں گی۔

لہذا عرضداشت ہذا باستدعائے صدور حکم منظوری بکمال ادب حضور عالی میں پیش ہے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت واقبال جاوید باد۔

ترجمان دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۷ر اپریل ۱۹۴۲ء

روبکار:

واقع ۱۷ر اپریل ۱۹۴۲ء

خان بہادر مسٹر سید ضمیر احمد ہاشمی ڈپٹی ریونیو منسٹر اور میجر سید ظفر علی بہادر پرائیویٹ سکریٹری خدمات متعلقہ نہایت محنت وقابلیت سے انجام دیتے ہیں مابدولت واقبال اُن کے کام سے خوش ہیں لہذا اُن کو اعزاز "منسٹر" کا رینک عطا کیا جاتا ہے اُن کے نام اور عہدہ کے ساتھ عالیمرتبت لکھا جائے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- واقع ۱۷ اپریل ۱۹۴۲ء

بموجب رپورٹ تشکیل کمیٹی کی منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض جناب عالی میرساند

عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کا معروضہ ہے کہ مصرف خیر واوقاف کے وظائف بلاخدمت کی تقسیم امداد مرمت مساجد۔ امداد شادی تقسیم جز اول تقسیم ہیزم سوختنی برائے مساجد تقسیم روغن روشنی مزارات شہر کے لئے ایک کمیٹی کی تشکیل ضروری ہے۔ تاکہ مندرجہ بالا امور بمشورہ کمیٹی عمل میں آئیں۔ نیز امور مندرجہ بالا کے علاوہ صیغہ مصرف خیر واوقاف کے متعلق کوئی اور امر مشورہ طلب ہو تو اس کے متعلق بھی کمیٹی سے مشورہ کیا جائے۔ کمیٹی کے ممبران وغیرہ حسب ذیل ہوں گے۔

عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج صیغہ مصرف خیر واوقاف	صدر
عالیمرتبت کرنل صاحبزادہ حسن رضا خاں صاحب دام اقبالہم چیرمین میونسپل بورڈ	ممبر
مولوی اکبر علی خان صاحب ایڈیشنل چیف مجسٹریٹ۔	ممبر
منشی ممتاز علی خاں صاحب تحصیلدار حضور تحصیل	ممبر
عالیمرتبت میجر سید ظفر علی صاحب بہادر سکریٹری انچارج محکمہ اوقاف ومصرف خیر	سکریٹری

ترقیخواہ منظوری ہے کہ پیشگاہ معلیٰ سے حکم منظوری تشکیل کمیٹی شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب دولت واقبال جاوید باد۔

عاجز

ترقیخواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۷ اپریل ۱۹۴۲ء

آرڈرز آن اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈر نمبر (۶۳۲)۔ واقع ۱۵ر اپریل ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۳ر اپریل ۱۹۴۲ء میں حکم عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۲۴ر مارچ ۱۹۴۲ء بدیں صراحت پیش ہوا کہ تحت دفعہ (۳) آرڈیننس جمیعت ہائے احتیاطی حملہ ہوائی ریاست رامپور ۱۹۴۱ء اے آر پی کمیٹی کی تشکیل بحکم کونسل صادرہ ۱۹ر فروری ۱۹۴۲ء منظور کی جا چکی ہے جو ۲۰ر فروری ۱۹۴۲ء کے گزٹ میں شائع ہوئی ہے۔ اب عالیمرتبت صاحب کنٹرولر بہادر سول ڈیفنس کی تجویز ہے کہ اے۔ آر۔ پی کمیٹی میں مزید تین صاحبان مندرجۂ ذیل کا اضافہ بحیثیت ممبر کیا جانا مناسب ہے۔

نمبر شمار	نام ملازم مع عہدہ	فرائض متعلقہ کمیٹی
(۱)	منشی ممتاز علیخان صاحب تحصیلدار	سپلائی افیسر
(۲)	سید ابوطالب صاحب ڈیکل افیسر آف ہیلتھ	انجام صفائی وغیرہ
(۳)	ماسٹر سید ظریف حمد اسسٹنٹ ہیڈ مرتضی اسکول	انجام پیغام رسانی

لہذا حسب سفارش اے۔ آر۔ پی کمیٹی میں تین صاحبان مندرجہ بالا کا مزید تقرر بحیثیت ممبر بصراحت فرائض منظور ہے۔

طے پایا کہ:۔

کونسل کو حکم مندرجۂ بالا سے اتفاق ہے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی ترتیب مثل سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ حکم ہذا کی ایک نقل سررشتہ صدر سے برائے اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو بھیجی جائے

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر نمبر (۶۳۳) واقع ۱۵ر اپریل ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۳ر اپریل ۱۹۴۲ء میں عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت نفاذ کاٹن کارڈ کلوڈنگ ہیڈ آل کارڈ کلوڈنگ سٹینڈرڈ کنٹرول آرڈر ریاست رامپور ۱۹۴۲ء منجانب گورنمنٹ رامپور تحت اختیارات محکومہ قانون (۱) ملحقہ قاعدہ (۳) قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور پیش ہوکر طے پایا کہ حسب تجویز کاٹن کارڈ کلوڈنگ اینڈ آل کارڈ کلوڈنگ سٹینڈرڈ کنٹرول آرڈر ریاست رامپور ۱۹۴۲ء منسلکہ کا نفاذ منجانب گورنمنٹ رامپور منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع آرڈر مذکور برائے اشاعت بگزٹ سرکاری بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب دار الانشاء مرسل ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل۔

نوٹ: یہ آرڈر مذکورہ بالا گزٹ کے حصہ سوم میں شامل ہے۔

آرڈر نمبر (۶۲۸) واقع ۱۵ اپریل ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۴ اپریل ۱۹۴۲ء میں عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمۂ پولیس کی تجویز بابت منظوری اضافہ گریڈ ۱۵ ماہانہ بہ تنخواہ مسٹر عبدالرحمن خاں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس از ۲۳ اپریل ۱۹۴۲ء معہ دو سینہ فائنانس پیش ہوکر طے پایا کہ:-

حسب تجویز مسٹر عبدالرحمن خاں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کی موجودہ تنخواہ میں ۲۳ اپریل ۱۹۴۲ء سے پندرہ روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ کی منظوری دی جاتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر نمبر (۶۳۸) :- واقع ۱۵ اپریل ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۴ اپریل ۱۹۴۲ء میں عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت منظوری اعلان منسلکہ متعلق ایزادی عبارت بعد فقرہ (۳) تحتی فقرہ (۳) مشین ٹول کنٹرول آرڈر ریاست رامپور ۱۹۴۱ء بطور تحتی فقرہ (۴) پیش ہوکر طے پایا کہ:-

حسب تجویز اعلان منسلکہ کی منظوری دیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع اعلان منسلکہ برائے کارروائی اشاعت بہ گزٹ سرکاری بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب دارالانشاء مرسل ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ قاعدہ ۸۱ تحتی قاعدہ (۲) قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور مشین ٹول کنٹرول آرڈر ریاست رامپور ۱۹۴۱ء کے فقرہ ۳ تحتی فقرہ (۳) کے بعد حسب ذیل عبارت بطور تحتی فقرہ (۴) کی ایزادی منظور کرتی ہے۔

"(۴) کوئی لائسنس آلات مشین کو اندرون ریاست لانے تیار کرنے یا فروخت کرنے کی بابت عطا نہ کیا جائے گا۔ تاوقتیکہ اس میں یہ شرط نہ ہو کہ مشین جو ریاست ہذا میں لائی جائے یا فروخت کی جائے اُس پر بزبان اردو جلی حرفوں میں تیار کنندہ یا فروخت کنندہ فرم کا نام مع نمبر سلسلہ یا اسٹاک فرم منکو درج ہو۔"

آرڈر نمبر (۶۳۹) :- واقع ۱۵ اپریل ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۴ اپریل ۱۹۴۲ء میں عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابتہ نفاذ آرڈر (نگرانی) اخبارات ریاست رامپور ۱۹۴۲ء منجانب گورنمنٹ رامپور تحت اختیارات محکومہ قاعدہ (۸۱)

تحتی قاعدہ (۲) قواعد تحفظ ہند پیش ہو کر طے پایا کہ

حسب تجویز آرڈر (نگرانی) اخبارات ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۲ء منسلکہ کا نفاذ منجانب گورنمنٹ رامپور منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع آرڈر محولہ بالا برائے کارروائی اشاعت بہ گزٹ بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب دار الانشاء مرسل ہو۔ دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل۔

نوٹ: - آرڈر محولہ بالا گزٹ کے حصہ سوم میں شامل ہے

آرڈر نمبر (۶۴۰) - واقع ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۴ اپریل سنہ ۱۹۴۲ء میں عالیمرتبت صاحب کنٹرولر بہادر سول ڈیفنس کی تجویز بابت منظوری اعلان منسلکہ متعلق اسکیم ورگولیشن نسبت ضرر ہائے جنگ ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۲ء پیش ہو کر طے پایا کہ:-

حسب تجویز اعلان منسلکہ کا نفاذ منجانب گورنمنٹ رامپور تحت اختیارات محکومہ دفعہ (۳) آرڈیننس ضرر ہائے جنگ ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۱ء منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ۔

حکم ہذا مع اعلان منسلکہ برائے کارروائی اشاعت بہ گزٹ سرکاری بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب دار الانشاء مرسل ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

اعلان

متعلق

اسکیم ورگولیشن نسبت ضرر ہائے جنگ

ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۲ء

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۳ آرڈیننس ضرر ہائے جنگ ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۱ء گورنمنٹ رامپور اسکیم ورگولیشن نسبت ضرر ہائے جنگ سنہ ۱۹۴۲ء مجریہ گورنمنٹ ہند کا نفاذ جہاں تک کہ ان کے احکام و اصول کا تعلق ریاست ہذا سے ہے۔ کل حدود ریاست رامپور میں سرکاری گزٹ میں شائع ہونے کی تاریخ سے منظور کرتی ہے۔

آرڈر نمبر ۶۳ :- واقع ۱۶ اپریل ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسۂ غیر معمولی منعقدہ ۱۶ اپریل ۱۹۴۲ء میں طے پایا کہ :-

تحت دفعہ ۳ و ۷ آرڈیننس نسبت قیام خدمت ضروری ریاست رامپور ۱۹۴۲ء ہر دو اعلانات منسلکہ کی منظوری منجانب گورنمنٹ رامپور دی جاتی ہے -

حکم ہوا کہ

حکم نواح ہر دو اعلانات منسلکہ برائے اشاعت بہ گزٹ سرکاری اسٹیٹ پریس کو مرسل ہو - اصل کاغذات بعد ختم کارروائی بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب ارالانشا بھیجے جائیں -

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

گورنمنٹ رامپور تحت دفعہ ۲ آرڈیننس نسبت قیام خدمت ضروری ریاست رامپور ۱۹۴۲ء عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کو جملہ اختیارات جو گورنمنٹ رامپور کو حاصل ہیں تفویض کرتی ہے -

اعلان

گورنمنٹ رامپور تحت دفعہ (۳) آرڈیننس نسبت قیام خدمت ضروری ریاست رامپور ۱۹۴۲ء خدمات مفصلہ تحت کو اُن اقسام خدمات سے قرار دیتی ہے جو آرڈیننس مذکورہ بالا سے متعلق ہیں -

۱- فوج -
۲- پولیس -
۳- جیل -
۴- مجسٹریٹی -
۵- حفظان صحت -
۶- بجلی گھر -
۷- واٹر ورکس -
۸- ملازمین ریاست جو ایئر ریڈ پریکاشن (A.R.P.) میں شامل ہیں -
۹- طبی خدمات (Medical Services)
۱۰- ملازمین محکمہ صفائی -